انوارِ شریعت
سُنّی دارالاشاعت
علویہ رضویہ ڈجکوٹ روڈ
فیصل آباد پاکستان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ

ہزاروں مسائل کی معلومات کا خزینہ

جامع الفتاویٰ

المعروف

انوارِ شریعت

حصہ نہم تا شانزدہم

از افادات

- مجدد اسلام شاہ احمد رضا خان صاحب بریلوی رحمتہ اللہ علیہ
- حجۃ الاسلام حضرت شاہ حامد رضا خان صاحب بریلوی رحمتہ اللہ علیہ
- صدر الافاضل حضرت مولانا سید نعیم الدین صاحب مراد آبادی رحمتہ اللہ علیہ
- شیخ الاسلام حضرت مولانا محمد سردار احمد صاحب لائلپوری رحمتہ اللہ علیہ
- مناظر اسلام حضرت مولانا نظام الدین صاحب ملتانی رحمتہ اللہ علیہ

مرتبہ: مولانا محمد اسلم علوی قادری رضوی

الناشر: سنی دار الاشاعت
علویہ رضویہ ڈجکوٹ روڈ لائلپور

بار اول ———— سنہ ۱۹۷۲ء ۱۳۹۲ھ

تعداد ———— ایک ہزار

ناشر ———— سنی دارالاشاعت ڈجکوٹ روڈ لائلپور

مطبوعہ ———— دین محمدی پریس لاہور

کتابت ———— غلام سرور قادری رضوی

قیمت ———— قسم اول مجلد ۱۶ روپے

مجلّد چرمی ۲۵ روپے

کچھ مال خرچ کرتے ہیں اور ثواب انکے روحوں کو بخشتے ہیں اور موذیوں کو لعنت کرتے ہیں اور اپنے آپ کو محب اہلبیت تصور کرتے ہیں۔ اور جب انہوں نے حضرت امیر معاویہ کو گالی دیں تو میں نے کہا یہ مناسب نہیں کیونکہ حضرت امیر معاویہ بھی اصحابہ کرام سے ہیں وہ سن کر مجھ سے جھگڑ پڑے جنگ وجدال کی نوبت آگئی اور ان میں ایک عالم فاضل تھا منصف مقرر ہوا منصف نے انہیں جھوٹا قرار دیا تمام اس ماجرے کے بعد انہوں نے توبہ کی اور میرے پاؤں پکڑے۔ تقدیر الٰہی ایسی تھی لقولہ تعالےٰ وَمَا اَصَابَ مِنْ مُصِيْبَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ یعنی کوئی مصیبت بغیر حکم اللہ تعالےٰ کے نہیں پہنچتی وہ تو بدنام ہوئے اور مصداق اَلَا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ کے ٹھہرے اور ان مظلوموں کو شہادت کا درجہ مل گیا جو ان کے لئے کافی ہے۔

خادم شریعت نظام الدین ملتانی حنفی قادری سروری عفی عنہ حال وارد وزیر آباد

باسمہٖ سبحانہٗ وتعالیٰ

سَيْفُ الْاَبْرَار

عَلَى النَّجْدِ الْاَشْرَار

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ خَلَقَ الْاِنْسَانَ وَعَلَّمَهُ الْبَيَانَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ مُحَمَّدِ الَّذِيْ عَلَّمَهٗ عُلُوْمَ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ وَعَلٰى اٰلِهِ الْعَالِمِيْنَ بِمَا كَانَ وَمَا يَكُوْنُ وَاَصْحَابِهِ الَّذِيْنَ اِخْتَارَهُمُ اللّٰهُ بِعُلُوْمٍ وَّفُنُوْنٍ۔ اَمَّا بَعْدُ۔ خادم شریعت ابو المنظور محمد نظام الدین حنفی ملتانی قادری سروری از خلفائے حضرت سلطان العارفین سلطان باہو قدس سرہ برادران اہل اسلام کی خدمت میں عرض کرتا ہے کہ آجکل اخبار اہلحدیث وزمیندار وارد رسائل میں دیکھا جاتا ہے کہ ملک نجد اور اہل نجد اور محمد بن عبد الوہاب نجدی اور اسکے متبعین کی ثنا خوانی اور اسکے ظلم کی بربیت کے گیت گائے جاتے ہیں لہذا خادم شریعت نے برائے افادہ عوام الناس امر متنازعہ کو فرقہ غیر مقلدین کی کتب معتبرہ سے واضح کر دیا ہے کہ مذبذبین کو اعتبار آجائے۔ وَمَا تَوْفِيْقِيْ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ